اسے دل میں رکھنا ہے



زندگی اسی سے ہے

زندگی اسی کی ہے

جو زندگی بن کر دل میں رہتا ہے

اگر تم

مجھے اپنی یادوں میں بسا لو

اپنی زندگی میرے نام کر دو

تو

میں تمہیں دنیا کے غموں سے بچا لوں گا

میں تمہیں دنیا کے ہر خوف سے بچا لوں گا

میں تمہیں دنیا کی رسوائیوں سے بچا لوں گا

اگر تم

اپنا سب کچھ میرے نام کر دو

تو جب تم میرے پاس آؤ گے

پھر

میں تجھے مرنے نہیں دوں گا

تجھے بوڑھا نہیں ہونے دوں گا

میں تجھے بیمار نہ ہونے دوں گا

میں تیری خوشیوں کو ہمیشگی دوں گا

میں تجھے ہر عذاب سے بچا لوں گا

میں تجھے عزت کی لازوال زندگی دوں گا

میں تجھے باغوں میں بساؤں گا

میں تجھے ہیروں کے گھر میں بساؤں گا

اور

تم سے کبھی ناراض نہ ہوں گا

مجھ سے اک وعدہ کر لو

وَمَنْ اَوْفٰی بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهَ

فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَیْعِکُمُ الَّذِیْ بَا یَعْتُمْ بِهٖ

اور کون ہے جو اللہ سے بڑھ کر اپنا وعدہ پورا کرنے والا ہو!

پھر خوشیاں مناؤ اپنے اس سودے پر جو تم سے اللہ نے کیا ہے

یہی سب سے بڑے کامیابی ہے

دعاؤں کی طلب گار

نگہت ہاشمی



دوست ہے

ان لوگوں کا

جو

ایمان لائے

وہ

انہیں تاریکیوں سے نکال کر

روشنیوں میں لاتا ہے

النور انٹرنیشنل

انسٹیٹیوٹ آف اسلامک ایجوکیشن اینڈ ریسرچ

لاہور، فیصل آباد، کراچی

www.alnoorpk.com YouTube Nighat Hashmi

Nighat Hashmi Alnoor International +92 336 4033042